تاریخ: ١١/٤/١٤٤٦ھ

فتویٰ

Date : 15/10/2024

شکیل بن حنیف اسلام سے خارج ہے۔

از: مفتی اعظم پنجاب مفتی صدام حسین لدھیانوی وارث علمائے لدھیانہ

شکیل بن حنیف اسلام سے خارج، مرتد اور کافر ہے کیونکہ اس نے امام مہدی اور عیسیٰ بن مریم علیہ السلام ہونے کا دعویٰ کیا ہے اور قرآن وحدیث میں تحریف وتبدیلی کر کے اپنے باطل عقیدے کو ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ اور جو شخص شکیل بن حنیف کے دعوے کو مانے یا اس کے باطل عقیدوں میں سے کسی عقیدے کو تسلیم کرے، وہ بھی اسلام سے خارج اور کافر ہے۔

عام مسلمانوں کی رہنمائی کے لئے امام مہدی کی کچھ علامات درج کی جاتی ہیں، جسے پڑھ کر ہر مسلمان آسانی کے ساتھ جان لے گا کہ شکیل بن حنیف اپنے دعوے میں جھوٹا اور کذاب ہے۔

علامات

امام مهدی	شکیل بن حنیف
(۱) امام مہدی کا نام محمد ہوگا۔ (ابوداؤد ۲/۵۸۸، کتاب الفتن، باب المهدی)	(۱) اس جھوٹے کا نام شکیل ہے۔
(۲) امام مہدی کے والد کا نام عبداللہ ہوگا۔ (ابوداؤد ۲/۵۸۸، کتاب الفتن، باب المهدی)	(۲) شکیل کے باپ کا نام حنیف ہے۔
(۳) امام مہدی حضرت فاطمہؓ کی اولاد میں سے ہوں گے۔ (ابوداؤد ۲/۵۸۸، کتاب الفتن، باب المهدی)	(۳) شکیل حضرت فاطمہؓ کی اولاد میں سے نہیں ہے۔
(۴) امام مہدی مدینہ منورہ کے رہنے والے ہونگے۔ (ابوداؤد ۲/۵۸۹، کتاب الفتن، باب المهدی)	(۴) شکیل ہندوستان کے صوبہ بہار ضلع دربھنگہ کا رہنے والا ہے۔

(۵) امام مہدی ظاہر ہونے کے سات یا نو سال بعد انتقال فرمائیں گے۔ (ابوداؤد ۲/۵۸۹، کتاب الفتن، باب المہدی)	(۵) شکیل اپنے جھوٹے دعوے کے پندرہ سال بعد بھی زندہ ہے۔
(۶) امام مہدی سے حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان مکہ کے لوگ زبردستی بیعت کریں گے۔ (ابوداؤد۲/۵۸۹، کتاب الفتن باب المہدی)	(۶) شکیل سے مکہ کے کسی بھی آدمی نے حرم شریف میں بیعت نہیں کی۔
(۷) امام مہدی کے ظاہر ہونے کے بعد ملک شام سے ایک لشکر امام مہدی کے خلاف اٹھے گا، جس کو مکہ اور مدینہ کے درمیان مقام بیداء میں دھنسا دیا جائے گا۔ (ابوداؤد ۲/۵۸۹، کتاب الفتن، باب المہدی)	(۷) شکیل کے خلاف نہ کوئی شام سے لشکر اٹھا اور نہ اسے مقام بیداء میں دھنسایا گیا۔
(۸) شام کے ابدال اور عراق کے مجاہدین کی جماعتیں امام مہدی سے بیعت کریں گی۔ (ابوداؤد ۲/۵۸۹، کتاب الفتن، باب المہدی)	(۸) شکیل سے شام اور عراق کے کسی بھی آدمی نے بیعت نہیں کی۔
(۹) امام مہدی کے زمانے میں حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام آسمان سے نازل ہونگے۔ (بخاری ۱/۴۹۰، کتاب الانبیاء باب نزول عیسی بن مریم)	(۹) شکیل حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے آسمان سے نازل ہونے کا منکر ہے۔
(۱۰) حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام دمشق کی جامع مسجد میں فجر کی نماز امام مہدی کی اقتداء میں پڑھیں گے۔ (ابن ماجہ ص: ۲۹۸، ابواب الفتن، باب فتنۃ الدجال وخروج عیسی بن مریم)	(۱۰) شکیل نے مہدی اور مسیح کا دعویٰ کرکے دو الگ الگ شخصوں کو ایک ہی شخص قرار دے دیا۔
(۱۱) امام مہدی کے زمانے میں دجال نکلے گا اور حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام اس کو مقامِ لد پر قتل کریں گے۔ (ابن ماجہ ص: ۲۹۸، ابواب الفتن، باب فتنۃ الدجال وخروج عیسی بن مریم)	(۱۱) شکیل کے دور میں نہ دجال نکلا اور نہ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے اس کو قتل کیا۔

صدر دفتر: مسجد ام المدارس، 336 شاہ پور روڈ، نزد سبحانی بلڈنگ، لدھیانہ (پنجاب) انڈیا 141008

ای میل: muftieazampunjab492023@gmail.com موبائل: 7087666695